بسم اللہ الرحمن الرحیم

تحذیر الناس عن وسوسۃ الخناس

لقب تاریخی

نصرۃ الحق مفید خلائق

معروف بہ

تیغ نعمانیہ برگردن نجدیہ شیطانیہ

مؤلف

علامہ مولانا ابوالیاس امام الدین کوٹلی سیالکوٹ

۱۔ غیر مقلدوں کے ساتھ نکاح کرنا

ایک سنیہ حنفیہ لڑکی کا نکاح غیر مقلد وہابی سے ممنوع اور گناہ ہے ان کے عقائد کفریہ ہیں۔ کتاب "جامع الشواھدفی اخراج الوھابیین عن المساجد" میں دیکھو شاہ عبدالعزیز نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے:

ہر کہ با بدعتیاں انس و دوستی پیدا کند نور ایمان و حلاوت آں از وے بر گیرند۔

اور طحاوی حاشیہ درمختار میں ہے

من كان خارجا من هذه المذاهب الاربعة في ذالك الزمان فهو من اهل البدعة والنار۔

یعنی جو چاروں مذہبوں سے باہر ہو وہ بدعتی ہے ان کے ساتھ نکاح کرنا محض زنا ہے نہ کہ نکاح کیوں کہ کافر سے نکاح صحیح نہیں۔

وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ

اور نہ میلان رکھو! ان لوگوں کی طرف جنہوں نے ظلم کیا کہ تمہیں آگ چھوئے گی۔

پس یہ ایک ادنی زیادتی شیعہ کی کہ حضرت امیر کو تمام صحابہ بلکہ تمام پیغمبروں پر سوائے پیغمبر آخر الزماں کے فضیلت دیتے ہیں پس ضرور شیعہ اس حدیث کے مصداق ہیں۔

بعد میرے اک قوم آوے گی رافضی اوہ کہاوے
ملن جدوں تے مار انہاں نوں بہت اوہ شرک کماوے